یہودی اور عیسائی خضاب نہیں لگاتے تم ان کی مخالفت کیا کرو

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”یہودی اور عیسائی خضاب نہیں لگاتے تم ان کی مخالفت کیا کرو“

[صحیح] [متفق علیہ]

ابوہریرہ رضی اللہ عنہا بتا رہے ہیں کہ نبی ﷺ نے انھیں بتایا کہ یہودی و عیسائی اپنے سروں اور داڑھیوں کے بالوں پر خضاب نہیں لگاتے، بلکہ (ان میں نمودار ہونے والی) سفیدی کو جوں کا توں چھوڑ دیتے ہیں چنانچہ آپ ﷺ نے حکم دیا کہ مسلمان ان کی مخالفت کرتے ہوئے داڑھی اور سر کو رنگیں اور خضاب لگائیں

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/8908